تعلقہ کانفرنس۔۔۔۔۔عورت معمار انسانیت

۱۵ تا ۳۱ دسمبر ۱۳ء

تقاریر کے نکات۔۔۔۔۔

☆ تذکیر بالقرآن ۔۔سورہ التحریم آیات ۱۲،۱۱ ☆

- یہ آیات بتاتی ہیں کہ اللہ تعالی کے پاس کام آنے والی چیز عورت کا اپنا ایمان وعمل ہے۔
- نوحؑ اور لوطؑ کی بیویوں کے طرز عمل سے یہ بات واضح کی گئی ہے کہ کام آنے والی چیز اس کا عمل ہے نہ کہ بڑوں سے نسبت۔
- فرعون کی بیوی کی مثال دیکر بتایا گیا کہ برے سے برے ماحول میں بھی اپنے ایمان کی حفاظت کی جاسکتی ہے۔
- نیکی اور بدی دونوں کے لئے بھی خواتین ہی کی مثال دیکر اس غلط فہمی کو دور کیا گیا کہ صرف عورت ہی برائیوں کی جڑ ہے۔
- اپنی خلقت کے اعتبار سے عورت بھی خیر و شر دونوں صلاحیتوں کی حامل ہے۔اگر وہ اپنے اختیار اور ارادہ کو صحیح طور پر استعمال نہ کرے تو بہترین رفیق کی بد ترین ساتھی بن سکتی ہے۔اور اگر وہ ایمان کی حلاوت سے آشنا ہو جائے تو بد سے بدتر ماحول کے اندر بھی وہ حور جنت اور بلند تر درجات کی حقدار ہوسکتی ہے۔

☆ افتتاحی کلمات ☆

- حمد و صلواۃ، کانفرنس کے انعقاد پر اللہ کا شکر۔
- مہمانوں کا تعارف۔
- شرکاء کا استقبال۔
- جملہ پروگراموں کی مختصر وضاحت۔
- ہدایات۔۔کانفرنس میں کن باتوں کا خیال رکھا جائے۔
- دعا۔

☆ تقریر۔۔۔شادی بیاہ اور دیگر تقاریب کے اسلامی اصول ☆

- اسلام میں ازدواجی زندگی کی اہمیت
- شادی فطری ضرورت ، لڑکا ۔۔دائرہ کار ،معاش، قوام، شورائیت، آخری فیصلہ۔لڑکی۔۔ دائرہ کار صالحات ،قانتات ، گھر بار کی ذمہ داری۔
- شادی بیاہ اور دیگر تقاریب میں ہونے والے مسرفانہ و مشرکانہ رسوم و رواج کی قباحت اور اس سے ہونے والے دنیاوی و اخروی نقصانات کو واضح کرنا۔
- تقاریب کو اسلامی رخ دینا ۔۔نکاح کے لئے معیار انتخاب، مہر کی ادائیگی ،سا دگی، فضول خرچی و نام ونمود سے پرہیز، ان تمام امور سے متعلق قرآنی آیات و احادیث، مختصر واقعات، مثالیں اور عملی تدابیر بیان کی جائیں۔

☆ تقریر۔۔۔دور جدید کے نسوانی مسائل اور ان کا حل ☆

- دور جدید کی ظاہری چمک دمک سے خواتین کا متاثر ہونا۔
- عورتوں سے متعلق اہم ایشوز کا ذکر، ملک و بیرون ملک خواتین پر ہورہے مظالم، شکوک وشبہات، اعتراضات کی مختصر وضاحت۔
- سماجی مسائل جیسے خواتین کے حقوق کی حق تلفی،غربت،بچہ مزدوری،دیہاتی خواتین کی صحت وتعلیم کے مسائل کی نشاندہی، قرآن و سنت کی روشنی میں ان کا حل، عملی تدابیر۔

☆ تقریر۔۔۔حالات کی بہتری میں خواتین کا رول ☆

- ملکی و عالمی صورت حال۔ایک جائزہ۔ مادی دوڑ دھوپ ، اخلاقی گراوٹ ، اسلام دشمنی کی لہر۔
- مادی دوڑ دھوپ۔۔ خواتین کے دو رول۔ا۔معاشی پیداوار میں ضرورتاً حصہ لے سکتی ہیں۔۔۲۔ قناعت، استغناء۔
- اخلاقی گراوٹ ۔۔عورت آلہء کار نہ بنے، نئی نسل کی اخلاقی تربیت کرے۔
- اسلام دشمنی کی لہر۔۔صحابیات کا غزوات میں رول ۔ تیمارداری، حوصلہ افزائی، اخوانی خواتین کا رول۔ گھر بار تحریکی، موجودہ جدوجہد میں خورد و نویش کا نظم، تیمارداری۔ activism اچھی مثالیں۔۔۔ اسماء بلتجی، اسماء سعید، ڈاکٹر عذرا بتول، زینب الغزالی، آروندھتی روئے۔
- کرنے کے کام۔۔ ذہن سازی، ماحول سازی، قانون سازی۔

  ذہن سازی۔۔۔اجتماعات youtube, google, whatsapp کا استعمال ، speeches

  ماحول سازی۔۔۔کالج ، working place کا ماحول بنانا۔

  قانون سازی۔۔۔اخبارات و رسائل میں articles لکھنا ، سرکاری کمیشن میں نمائندگی۔

☆ اختتامی خطاب ☆

- حمد و صلواۃ، اظہار تشکر۔
- شرکاء کے حق میں دعائے خیر (ان کی شرکت اور ڈسپلن وغیرہ کے لئے)
- کانفرنس منعقد کرنے کی غرض و غایت۔
- مرکزی موضوع عورت معمار انسانیت کی وضاحت ۔
- اسلام ہی کے سائے میں عورت کی انقلابی شخصیت پروان چڑھ سکتی ہے اس کی پر زور وضاحت۔
- عورت اپنے مثبت کردار سے خاندان کو سنوار سکتی ہے، معاشرہ کی اصلاح کرسکتی ہے اور بھٹکتی سسکتی بلکتی انسانیت کی تعمیر کرسکتی ہے۔
- جماعت کا تعارف۔۔۔ عہد نامہ پر عمل کی اہمیت۔۔۔ تعاون کے لئے اظہار تشکر۔۔۔ دعا۔